08-11-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں　　　　ارجمند علی خان

پہلے اِس وقت کی اہم خبریں

-----------------------------------------------------

* مہاراشٹر اور جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کی چناؤ مہم میں تیزی آگئی ہے۔وزیر اعظم اور بی جے پی کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی آج مہاراشٹر میں دو ریلیوں سے خطاب کریں گے۔

* صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج صبح نئی دلی میں مرکزی ویجیلنس کمیشن کی ”ویجیلنس بیداری ہفتے“ کی تقریب سے خطاب کرنے والی ہیں۔

* 4روزہ چھٹھ پوجا تقریبات ملک کے مختلف حصوں میں طلوع ہوتے ہوئے سورج کو ارگھیہ دینے کے ساتھ اختتام پذیر ہوگئی ہیں۔

* بھارتی ریلویز تہواروں کے بعد لوگوں کے واپس آنے میں سہولت پیدا کرنے کیلئے 500 سے زیادہ خصوصی ریل گاڑیاں چلائے گا۔

* وزیر خارجہ ایس جے شنکر آج سنگاپور میں دانشوروں کے آسیان-بھارت نیٹ ورک کی آٹھویں گول میز کانفرنس سے خطاب کریں گے۔

* اور کرکٹ میں

بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان 4 ٹی ٹوئنٹی میچوں کی سیریز کا پہلا میچ آج شام ڈربن میں کھیلا جائے گا۔

**اب خبریں تفصیل سے۔**

PM Maharashtra Campaign

وزیر اعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی آج مہاراشٹر میں عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیر اعظم نے کہا کہ وہ Dhule اور Nashik میں عوامی جلسوں میں شرکت کرکے عوام کا آشیرواد حاصل کریں گے۔

جناب مودی نے یہ اعتماد ظاہر کیا کہ ریاست کے عوام اسمبلی انتخابات میں قومی جمہوری اتحاد NDAکی شاندار کامیابی کو یقینی بنائیں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC- Prarthna

جناب مودی کی پہلی ریلی آج شمالی مہاراشٹر میں دھولے کے مقام پر دن میں 12 بجے کے آس پاس ہوگی۔ اِس کے بعد وہ ناشک میں ایک جلسہئ عام سے خطاب کریں گے۔ اِدھر ریاست کے وزیر اعلیٰ اور شیو سینا کے لیڈر ایکناتھ شندے دھاراشیو میں Mahayuti امیدواروں کی حمایت میں چناؤ مہم میں شامل ہوں گے۔اِدھر نائب وزیراعلیٰ اور NCP کے صدر اجیت پوار پونے اور Pimpri میں انتخابی مہم میں شامل ہوں گے۔ MNS کے سربراہ راج ٹھاکرے Guhagarمیں انتخابی مہم میں شریک ہوں گے۔ اِدھر NCP (SP)کے سربراہ شردپوار پربھنی اور وَردھا میں انتخابی مہم میں حصہ لیں گے۔ شیو سینا UBT نے کَل ممبئی میں اپنا انتخابی منشور جاری کردیا۔

ممبئی سے پرارتھنا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں شمیم عرفان

Jharkhand Maha Campaigning

جھارکھنڈ میں آئندہ اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے NDA اور آئی این ڈی آئی اے دونوں کے رہنما مختلف علاقوں میں ریلیاں کررہے ہیں۔ کانگریس کے سینئر لیڈر راہل گاندھی لوہر ڈگہ اور Simdega میں ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ NDA امیدواروں کے حق میں ووٹ مانگنے کیلئے بی جے پی کے سینئر رہنما اور مرکزی وزیر گری راج سنگھ جمشیدپور اور سرائے کیلا Kharsawanمیں ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ دوسری جانب بی جے پی جھارکھنڈ اسمبلی کے چناؤ انچارج شیوراج سنگھ چوہان منوہرپور اور جگناتھ پور اسمبلی حلقوں میں انتخابی ریلی سے خطاب کریں گے۔

وزیراعلیٰ ہیمنت سورین، کانگریس، RJD، AJSUاور بائیں بازو پارٹیوں کے رہنما بھی ریاست بھر میں ریلیاں کررہے ہیں۔ یہاں 81 رکنی اسمبلی کیلئے اس ماہ کی 13 اور 20 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے جبکہ ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو ہوگی۔

Jharkhand Jamshedpur East

اسمبلی حلقوں سے متعلق ہماری سیریز میں آج ہم جھارکھنڈ کے مشرقی سنگھ بھوم ضلعے کی جمشید پور ایسٹ اسمبلی سیٹ کا احاطہ کریں گے۔ جمشید پور ایسٹ میں پہلے مرحلے کے تحت اس ماہ کی 13 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC- K K Lal

اپوزیشن بی جے پی نے اڈیشہ کے گورنر رگھوبر داس کی بہو پورنیما ساہو کو جمشید پور ایسٹ سیٹ سے چناؤ میدان میں اتارا ہے۔ وہ پہلی مرتبہ چناؤ لڑرہی ہیں۔ دوسری جانب کانگریس نے سابق رکن پارلیمنٹ اجے کمار کو اپنا امیدوار بنایاہے۔ حالانکہ 15 آزاد امیدواروں سمیت 24 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں لیکن اصل مقابلہ بی جے پی کی پورنیما ساہو اور کانگریس کے اجے کمار کے درمیان ہے۔ بی جے پی کی امیدوار پورنیما ساہو کو بی جے پی کے دو باغی امیدواروں شیوشنکرسنگھ اور راج کمار سنگھ سے بھی سخت مقابلے کا سامنا ہے۔ اس حلقے میں زمین کا مالکانہ حق ایک اہم معاملہ ہے کیونکہ جمشید پور کی اراضی ٹاٹا کے پاس لیز پر ہے۔ بے روزگاری اور پینے کے پانی کی قلت بھی وہ معاملے ہیں جنہیں سبھی پارٹیاں اٹھارہی ہیں۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ کیا بی جے پی کی پورنیما ساہو چناؤ میں پہلی مرتبہ جیت حاصل کرپاتی ہیں یا کانگریس کے اجے کمار جمشید پور ایسٹ سیٹ کی نمائندگی کرتے ہیں۔

جھارکھنڈ سے کے کے لال کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے
میں شبانہ رحمان

JHARKHAND EC

انتخابی کمیشن نے سبھی سیاسی پارٹیوں سے کہا ہے کہ وہ جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کی چناؤ مہم کے دوران مثالی ضابطہئ عمل پر سختی کے ساتھ کاربند رہیں۔ ریاست کے اعلیٰ انتخابی افسر روی کمار نے رانچی میں مختلف سیاسی پارٹیوں کے ساتھ میٹنگ کی اور انہیں یہ صلاح دی کہ وہ فرضی وعدے کرکے رائے دہندگان کو گمراہ کرنے سے گریز کریں۔ انہوں نے یہ مشورہ بھی دیا کہ وہ انتخابی ریلیوں کے دوران ذاتیات پر حملے نہ کریں۔x

Prez Vigilance Week

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دلی میں مرکزی ویجیلنس کمیشن کے ویجیلنس بیداری ہفتے کی تقریب سے خطاب کریں گی۔ CVC کی جانب سے ہربرس سردار ولبھ بھائی پٹیل کے یوم پیدائش پر اس ہفتے کے دوران ویجیلنس بیداری ہفتہ منایا جاتا ہے۔ اس سال ملک کی خوشحالی کیلئے یکجہتی کے کلچر کے موضوع پر 28 اکتوبر سے 3 نومبر تک ویجیلنس بیداری ہفتے کا اہتمام کیاگیا۔ ویجیلنس بیداری ہفتے کے ساتھ ساتھ کمیشن تین ماہ طویل تدارکی ویجیلنس مہم کا بھی اہتمام کررہا ہے، جو 16 اگست 2024 سے شروع ہوئی تھی اور اس ماہ کی 15 تاریخ تک جاری رہے گی۔ مرکزی حکومت کی وزارتوں، محکموں اور تنظیموں میں اس کا اہتمام کیا جارہا ہے۔

Amit Shah Conference

مرکزی وزیرداخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ حکومت  دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے جلد ہی قومی انسداد دہشت گردی پالیسی اور حکمت عملی لائے گی۔کل نئی دلی میں قومی تحقیقاتی ایجنسی NIA کی جانب سے منعقد دو روزہ انسداد دہشت گردی کانفرنس میں جناب شاہ نے گزشتہ دہائی میں وزیراعظم نریندرمودی کی قیادت میں حکومت کی جانب سے کئے گئے سرگرم اقدامات کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دس برس میں دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے ملک میں ایک مضبوط ایکو نظام قائم کیاگیاہے۔

**BREAK**

**یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔**

**GONG**

Chahath

4روزہ چھٹھ پوجا تقریبات ملک کے مختلف حصوں میں آج صبح طلوع ہوتے ہوئے سورج کو ارگیہ دینے کے ساتھ اختتام پذیر ہوگئی ہیں۔

0815-Song-Chhath

بہار میں لاکھوں عقیدتمندوں نے مختلف دریاؤں کے کناروں پر سوریہ دیوتا اور اُن کی ماں Chhathi Maiyaکی پوجا ارچنا کی۔ اِس کے ساتھ ساتھ لوگوں نے جھیلوں، تالابوں اور عارضی گھاٹوں پر چھٹھ پوجا منائی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC- Dharmendra

شمالی بہار سے جنوبی بہار تک لاکھوں عقیدتمندوں نے گنگا، گنڈک، کوسی، مہانندا اور دیگر دریاؤں کے چھٹھ گھاٹوں پر  سوریہ دیوتا کی پوجا ارچنا کی۔ اِس کے بعد لوگوں کو پرساد تقسیم کیا گیا۔ دیگر ریاستوں کے ہزاروں لوگوں نے بھی اورنگ آباد میںDeo ، شیخ پورہ میںTewoosh ، نوادہ میں Hadiya اور نالندہ ضلعے میں Ongaridhamجیسے مشہور سوریہ مندروں میں بھی چھٹھ پوجا کی۔ بکسر میں رام ریکھا گھاٹ، منگیر میں Sozhi گھاٹ اور پٹنہ میں بھی مختلف مقامات پر آج صبح گنگا دریا کے کنارے پر بڑی تعداد میں لوگ اکٹھا ہوئے۔

پٹنہ سے دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں شمیم عرفان

Chahath UP

اترپردیش میں بھی چھٹھ پوجا بڑے جوش و خروش اور مذہبی عقیدت کے ساتھ منائی گئی۔

پیش ہے ایک رپورٹ

VC- Sushil Chandra Tiwari

عقیدت مند اپنے ہاتھوں میں پرساد لے کر روایتی لباس میں پانی میں مضبوطی کے ساتھ کھڑے رہے اور انہوں نے آج صبح طلوع ہوتے سورج کو آرگیہ دی۔ بھوجپوری اور میتھلی زبان میں لوک نغمے گونجتے رہے جبکہ جوش وخروش سے سرشار بچوں نے چار روزہ چھٹھ پوجا کے مکمل ہونے پر پٹاخے چلائے۔ہزاروں کی تعداد میں عقیدت مند بالخصوص مشرقی حصے کے اضلاع میں ریاست بھر کے دریاؤں کے کناروں اور گھاٹوں پر جمع ہوئے اور طلوع ہوتے آفتاب کی پوجا کی۔ چار روزہ تقریب آج صبح اس وقت اختتام کو پہنچی جب عقیدت مندوں نے سوریہ دیوتا کو آراگیہ دی۔ کل شام بھی نہایت جوش وخروش کے ساتھ ڈوبتے سورج کی پوجا کی گئی۔وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے بھی لکھنؤ میں چھٹھ پوجا میں حصہ لیا۔ انتظامیہ کی جانب سے گھاٹوں پر خصوصی بندوبست کئے گئے۔

لکھنؤ سے سشیل چندر تیواری کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں شبانہ رحمان

Special Trains

بھارتی ریلویز نے چھٹھ پوجا تقریبات کے اختتام کے بعد کثیر تعداد میں لوگوں کے واپس آنے کے تناظر میں 500 سے زیادہ خصوصی ریل گاڑیوں کا بندوبست کیا ہے۔ اِن میں سے 164 ریل گاڑیاں آج چلائی جارہی ہیں۔ شمالی ریلوے کے ترجمان ہمانشو شیکھر اپادھیائے نے آکاشوانی نیوز کے ساتھ خصوصی گفتگو میں کہا کہ ریلوے اسٹیشنوں سے مسافروں کے خوش اسلوبی کے ساتھ باہر نکلنے کے لئے محکمے نے RPF اور رضاکاروں کو اُن کی رہنمائی کیلئے تعینات کیا ہے۔

SB- 0815 Himanshu Shekhar

ایک بیان میں ریلوے بورڈ نے کہا ہے کہ سمستی پور، دانا پور اور دیگر ڈویژنوں سے اضافی ریل گاڑیاں چلائی جائیں گی۔

بھارتی ریلویز کے مطابق تہوار کے دنوں میں 4 ہزار 521 ریل گاڑیوں کے ذریعے تقریباً 65 لاکھ مسافروں کو ایک مقام سے دوسرے مقام تک پہنچایا گیا۔ ریلوے کی وزارت نے بتایا ہے کہ پہلی اکتوبر سے اِس مہینے کی 5 تاریخ کے درمیان 6 کروڑ 85 لاکھ سے زیادہ مسافر ریل گاڑیوں کے ذریعے بہار، مشرقی اترپردیش اور جھارکھنڈ گئے۔

Jaishankar Singapore

وزیر خارجہ ایس جے شنکر آج سنگاپور میں دانشوروں کے آسیان-بھارت نیٹ ورک کی آٹھویں گول میز کانفرنس سے خطاب کریں گے۔ اس کا اہتمام آسیان-بھارت سینٹر اور ISEAS یوسف

اسحاق انسٹی ٹیوٹ نے کیا ہے۔ اِس تقریب سے بھارت اور آسیان کے درمیان بڑھتے ہوئے اشتراک کی عکاسی ہوتی ہے۔

ڈاکٹر جے شنکر اپنے اِس دورے میں سنگاپور کے صدر، وزیر اعظم اور دیگر سرکردہ رہنماؤں سے ملاقات کریں گے۔ اُن کے دورے سے بھارت اور سنگاپور کے درمیان مضبوط تعلقات اجاگر ہوتے ہیں جس نے 1990 کی دہائی کی مشرقی ملکوں سے رابطہ بڑھانے کی پالیسی کے بعد سے جنوب مشرقی ایشیا کے ساتھ بھارت کے تعلقات کو مستحکم بنانے میں اہم رول ادا کیا ہے۔ جنوب مشرقی ایشیائی ملکوں کی انجمن آسیان میں انڈونیشیا، سنگاپور، فلپینز، ملیشیا، برونائی، تھائی لینڈ، کمبوڈیا، لاؤس، میانما اور وئیتنام شامل ہیں۔x

J&K Attack Sopore

جموں کشمیر کے Sopore ضلعے میں کَل رات سکیورٹی فورسز اور وہاں چھپے ہوئے دہشت گردوں کے درمیان گولی باری شروع ہوگئی۔ Panipora علاقے میں دہشت گردوں کے چھپے ہونے کے بارے میں خفیہ اطلاعات موصول ہوئی تھیں۔ سکیورٹی فورسز نے حالیہ حملوں کے تناظر میں اپنی کارروائی تیز کردی ہے۔ گزشتہ 48 گھنٹے کے دوران دو دہشت گرد مارے گئے ہیں۔ اِن میں سے ایک کپواڑہ میں اور دوسرا باندی پورہ میں مارا گیا۔

گاندر بَل ضلعے میں گگن گیر کے مقام پر پچھلے مہینے کی 20 تاریخ کو دہشت گردوں نے کارکنوں کے کیمپ پرحملہ کرکے 7 افراد کو ہلاک کردیا تھا۔

Delhi Pollution

دلی NCR میں ہوا کا معیار بہت خراب کے زمرے میں برقرار ہے۔ آلودگی کی روک تھام سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق آج صبح قومی راجدھانی میں ہوا کے معیار کا اشاریہ 384 تھا۔ بھارتی موسمیات محکمے نے پیش گوئی کی ہے کہ دلی اور NCR میں آئندہ دو سے تین دنوں میں رات اور صبح سویرے دھواں اور دھند چھائے رہنے کا امکان ہے۔

آلودگی کی روک تھام سے متعلق مرکزی بورڈ کے اعدادوشمار کے مطابق شہر کے کچھ حصوں میں ہوا کے معیار کا اشاریہ انتہائی خراب کے زمرے میں ہے۔ آنندوہار میں AQI چار سو سولہ، روہنی میں 440، اشوک وہار میں 420، نیوموتی باغ میں 429، پنجابی باغ میں 405 اور نہرو نگر میں 412 ریکارڈ کیاگیا۔

Cricket T-20

کرکٹ میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان چار ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچوں کی سیریز کا پہلا میچ آج ڈربن کے Kingsmead میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات ساڑھے آٹھ بجے سے شروع ہوگا۔

دوسرا ٹی ٹوئنٹی میچ اتوار کے روز Gqebera کے St George's پارک میں جبکہ تیسرا میچ سنچورین میں اور چوتھا اور آخری میچ آئندہ ہفتے Johannesburg میں کھیلاجائے گا۔

## یہ تھی خبریں

## PRESS COMMENTS

**اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: شبانہ رحمان**

**شکریہ -ارجمند**

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایاہے۔ وزیراعظم نریندرمودی نے ون رینک ون پنشن OROP اسکیم کو ملک کی خدمت میں زندگی وقف کرنے والے سابق فوجیوں کی ہمت اور قربانی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہاکہ حکومت مسلح افواج کو مضبوط بنانے اور ان کی فلاح وبہبود کیلئے پرعزم ہے۔ اس خبر کو روزنامہ ملاپ نے پہلی بڑی خبرجبکہ دیگر اخباروں نے پہلے صفحے کی ذیلی سرخی بنایاہے۔

روزنامہ انقلاب، راشٹریہ سہارا اور ملاپ سمیت آج کے سبھی اخباروں نے دلی میں انسداد دہشت گردی کانفرنس 2024 شروع ہونے کی خبر کو پیش کیاہے اور وزیرداخلہ امت شاہ کے اس بیان کو نمایاں کیاہے کہ مودی حکومت ملک کو دہشت گردی سے پاک بنانے کیلئے پرعزم اور حکومت جلد ہی دہشت گردی کے خلاف پالیسی اور حکمت عملی لائے گی۔

روزنامہ پرتاپ اور ملاپ سمیت کئی اخباروں نے اس خبر کو بھی خصوصیت کے ساتھ شائع کیاہے کہ پرالی جلانے پر مرکزی حکومت سخت، جرمانہ ڈبل۔دلی این سی آر میں بڑھتی ہوئی فضائی آلودگی کے سبب مرکز نے پرالی جلانے پر جرمانہ دوگنا کردیا، ساتھ ہی اخباروں نے دلیNCR کے کئی علاقوں میں AQI چار سو سے تجاوز ہونے کی خبر کو بھی پیش کیاہے۔روزنامہ پرتاپ کی ایک خبر ہے کہ صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے آئی این ایس وکرانت پر بحری کارروائیوں کا مشاہدہ کیا۔وزیراعظم مودی 10 نومبر کو اسمبلی انتخابی مہم کیلئے جھارکھنڈ کا دورہ کریں گےیہ خبر بھی ہندوستان ایکسپریس اور کئی اخباروں نے پیش کی ہے۔

**آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر**

* مہاراشٹر اور جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کی چناؤ مہم میں تیزی آگئی ہے۔وزیر اعظم اور بی جے پی کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی آج مہاراشٹر میں دو ریلیوں سے خطاب کریں گے۔

* صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج صبح نئی دلی میں مرکزی ویجیلنس کمیشن کی "ویجیلنس بیداری ہفتے" کی تقریب سے خطاب کرنے والی ہیں۔

* 4روزہ چھٹھ پوجا تقریبات ملک کے مختلف حصوں میں طلوع ہوتے ہوئے سورج کو ارگیہ دینے کے ساتھ اختتام پذیر ہوگئی ہیں۔

* بھارتی ریلویز تہواروں کے بعد لوگوں کے واپس آنے میں سہولت پیدا کرنے کیلئے 500 سے زیادہ خصوصی ریل گاڑیاں چلائے گا۔

* وزیر خارجہ ایس جے شنکر آج سنگاپور میں دانشوروں کے آسیان-بھارت نیٹ ورک کی آٹھویں گول میز کانفرنس سے خطاب کریں گے۔

* اور کرکٹ میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان 4 ٹی ٹوئنٹی میچوں کی سیریز کا پہلا میچ آج شام ڈربن میں کھیلا جائے گا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------